1

ناصر حسین کا

फिर वही दिल लाया हूँ

پھر وہی دل لایا ہوں

اداکاران
جے مکرجی
آشا پارکھ

بیران

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

فلم کے گانے
پھر وہی دل لایا ہوں

گانا نمبر ۱

دیکھو بجلی ڈولے بن بادل کے
جھم جھم جھمکے ماتھے کی بندیا
چھنن چھنن چھن پائل کی
رنگ رنگیلا جلوے سنہرے
ٹھہر دل تو کیسے آج نہیں ٹھہرے
جھلک دکھاتے ہوئے کوئی بل کھائے
ڈالی نظر ہلکی ہلکی
گرتی سنبھلتی چلتی متوالی
ہنس کے اچھل پڑی جیسے چنگاری
گری کہیں دل پہ، گئی کہیں دل سے
دنیا رہی رے انکھیاں ملتی
دیکھو بجلی ——

گانا نمبر ۲: لاکھوں ہیں نگاہ میں زندگی کی راہوں میں
صنم حسین جواں
ہونٹوں پہ گلاب ہے آنکھوں میں شراب ہے
لیکن وہ بات کہاں
لٹ ہے کسی کی جادو کا جال

رنگ ڈالے دل پہ کسی کا جمال
توبہ یہ نگاہیں کہ رنگینی ہیں راہیں
دیکھو لے کے تیر کمان
جانوں نہ دیوانہ میں دل کا
کون ہے خیالوں کی ملکہ
بھیگی بھیگی رُت کی چھاؤں تلے ۔ ہاں تو کہیں وہ آن ملے
کیسے پہچانوں کہ نام نہیں جانوں
کسی کو ڈھونڈیں میرے ارمان
کبھی کبھی وہ اک جگہ جواں ۔ دھڑکتی ہے دل کے پاس کہیں
ہے جو یہی باتیں تو ہوں گی ملاقاتیں
کبھی یہاں نہیں تو کہیں

گانا نمبر ۳: ۔ اجی تجزیہ قبلہ کبھی شعلہ کبھی شبنم
اس آپ کے انداز کا ہائے کیا کہنا
اُف یہ غصہ کالی آنکھیں ہو رہی ہیں گلابی
آپ کی تو یہ ادا ہے اور کسی کی خرابی
میں نے تمہیں دیکھا صرف دیکھا ہائے
آرزو تھی خیر لمحہ یوں چلتے پھرتے
بے تکلف ہو کے ہم سے چند باتیں کرتے
تم جو جب بھی دل نے چاہا سا تجھ رہنا

گانا نمبر ۴: ۔ آنچل میں سجا لینا کلیاں
زلفوں میں ستارے بھر لینا

ایسے ہی کبھی جب شام ڈھلے تب یاد ہمیں کرنا
آیا تھا ہمیں ہم گیا نہ سا
چل دوں گا کہیں دیوانہ سا
دیوانوں کی خاطر تم کوئی الزام نہ اپنے سر لینا
راستہ جو ملے انجان کوئی
آجائے اگر طوفان کوئی
اپنے کو اکیلا جان کے تم
آنکھوں میں نہ آنسو بھر لینا
گا لمحہ سے آنکھوں سے اتری جو دل میں تصویر ہے
ایک انجانے کی
خود ڈھونڈھ رہی ہے شمع جیسے
کیا باتیں ہیں اس پروانے کی
وہ ان کے لبوں پر شوخ ہنسی
رنگین شرارت آنکھوں میں
سانسوں میں محبت کی خوشبو
وہ پیار کی دھڑکن باہوں میں
دنیا میری بدل گئی بن کے گھٹا نکل گئی
توبہ وہ نظر منانے کی اداز وہ اس کے آنے کا
چپکے سے باہر آئے جیسے
کہنے کو گھڑی بھر ساتھ رہا
پر عمر گزار آئے جیسے ان کے بنا رہوں گی نہیں

قسمت سے اب جو کہیں مل جائے خبر دلوانے کی
گانا نمبر ۱۳ بندہ پرور تھام لو جگر
بن کے پیار پھر آیا ہوں
جس کی تڑپ رُخ پر تمہارے
آیا نکھار غضب کا
جسکے لہو سے اور بھی چمکا لہو تمہارے لب کا
گیسو کھلے زنجیر نے اور بھی تم تصویر نے
آئینہ دلدار کا نذرانہ پیار کا
میری نگاہ شوق سے بچکر یار کہاں جاؤگے
پاؤں جہاں رکھ دوگے ادا سے
دل کو وہیں پر پاؤگے
رہوں جدا یہ مجال کہاں جاؤں کہاں یہ خیال کہاں
بندہ دلدار کا نذرانہ پیار کا
گانا نمبر ۲ مشاعرہ:۔ آج کے دل والے کھلونے ہیں بکنے والے
وہ نہیں سمجھے کہ محبت کو نبھایا ہم نے
وہ جو کہتے ہیں کہ پھر وہی دل لایا ہوں
وہ بھی سن لیں کہ انہیں پیار سکھایا ہم نے
لڑکا:۔ وہ بھی اب کھیل رہے ہیں یہ تماشہ دیکھو
جن کے ہونٹوں پہ لہو دل کا لگایا ہم نے
میری آنکھوں میں ذرا آنکھ ڈال کے آنکھیں تو کہو
پیار سکھا کہ تمہیں پیار سکھایا ہم نے

لڑکی:- زلف کی چھاؤں میں کہنے کو اجالا لے کر
تیری ویران سی راتوں کو سجایا ہم نے
لڑکا:- میری آنکھوں نے جلائے ترے جلوؤں کے چراغ
تیری راتوں کے لیے دل کو جلایا ہم نے
یہ ترے گرم سے لب یہ ترے جلتے رخسار
دیکھ ہم کو نہ یا ہے انہیں دل کا قرار
کیسے انگاروں کو سینے سے لگایا ہم نے
لڑکی:- ہم نے ہی دل کو سکھایا ہے دھڑکنے کا چلن
ہم کے الفت کی تڑپ دیکھ محبت کی جلن
تجھ سے دیوانے کو انسان بنایا ہم نے
تیرے ویران چراغوں کو جلایا ہم نے
لڑکا:- سیکھنے رسم وفا حسن بھی دیوانوں سے
داستاں اپنی بنی ہے انہیں افسانوں سے
رکھ دیا سر کو جہاں پھر نہ اٹھایا ہم نے
تیری راتوں کے لئے دل کو جلایا ہم نے
گانا نمبر ۸ - دور رہ کر نہ جائے کہیں پیار ہمارا
ایسا نہ ہو کوئی لوٹ لے راہ میں پیار ہمارا
پاس رہو یا دور رہو ہم ہو پاس ہمارے
دیں گے گواہی پوچھ لو یہ خاموش نظارے
نازنین تیرا رنگین ہے وعدہ تیرا
او حسین کدھر کا ارادہ تیرا

آنکھ لہرائی ہوئی زلف اڑتی ہوئی۔ فاصلہ کیوں ہے زیادہ تیرا
او ہمدم میرے کھیل نہ جا تو چاہت کے اقرار کو
جانِ جہاں یاد کرو گے اِک دِن میرے پیار کو
چھائے ہو میرے دِل پہ لنظر یہ تمہی
آخر تو میری اُلفت کا کر تو یقین
اجی ہم سے تمہیں ایک لگاوٹ تو ہے۔ تمہیں ہم سے محبت ہیں
ہمسفر تو ہی میرا ہے لیکن صنم
ساتھ ہیں ہم کسی اجنبی کے قدم
میری اُلفت یوں ہی بے سبب تو نہیں
دِل کی بے تابیوں کی قسم
گانا نمبر ۹:۔ مجھے پیار میں تم نہ الزام دیتے
اگر تم جانتے میری بے بسی کا
میری بے رُخی تم نے دیکھی ہے لیکن۔ تم نے نہ دیکھا تڑپنا کسی کا
میرے دِل نے چاہا تھا کچھ تم سے کہنا
مگر پیار کہتا ہے خاموش رہنا
دکھائیں تمہیں ہم اشکوں کا بہنا
سنائیں درد کیسے دِل کی لگی کا
زمانے نے کچھ ایسی زنجیر ڈالی۔ محبت نے جُھکنے سے گردن جھکالی
تمہارے لیئے اب یہ صورت بنا لی
کہ حاصل تمہی ہو میری زندگی کا
ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور میکینک
دستکاری اور
مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-
ورکشاپ گائیڈ	4/-/-	مکمل فوٹوگرافی	2/8/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	روشنائی سازی	2/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	خوبصورت بنو	1/4/-
تیل عطر سازی	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	باورچی خانہ	2/8/
صابون سازی	1/8/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
وشنکر مادرن	6/-/-	ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	جنتری پیمائش چوب	1/4/-
خراد سیکھنا	3/-/	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/
آئیل انجن گائیڈ	5/-/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
تمباکو کی دوکان	2/-/	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
بوٹ پالش بنانا	2/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
سینما مشین آپریٹر	9/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(سرور لیتھو پریس دہلی)